جانئیے: پروٹیکٹر کیا ہے؟

ہر ایمیگرنٹ جو بیرون ملک نوکری کے سلسلے میں جاتا ہے، قانونی طور پر پابند ہے کہ وہ متعلقہ پروٹیکٹر آف ایمیگرنٹ کے دفتر سے اپنے نوکری کے معائدہ کو پروٹیکٹ کرائے۔

پروٹیکٹر اور اس کے فوائد۔

- حکومت پاکستان کے ڈیٹابیس میں تمام معلومات کا درج ہونا، جو کہ متعلقہ سفارت خانے کو فراہم کر دی جاتی ہے۔
- بیرون ملک مکمل قانونی تحفظ کی یقین دہانی۔
- اگر کمپنی یا آجر نوکری کے معائدے کی خلاف ورزی کرتا ہے تو ملازمت والے ملک میں پاکستانی ایمبیسی یا سفارت خانے میں تعینات کمیونٹی ویلفر اتاشی سے قانونی مدد لی جا سکتی ہے۔
- بیورو آف ایمیگریشن اینڈ اور سیز ایمپلائمنٹ کے ذریعے کی جانے والی انشورنس کے تحت ایمیگرنٹ کی وفات کی صورت میں لواحقین دس لاکھ روپے لینے کے مجاز ہوتے ہیں اور اگر کسی چوٹ یا معذوری کی صورت میں دو سے دس لاکھ روپے تک مل سکتے ہیں۔
- جو شخص پروٹیکٹر آف ایمیگرنٹ کے ساتھ رجسٹریشن کے بغیر بیرون ملک چلے گئے ہیں وہ بھی متعلقہ سفارت خانے میں اپنا اندارج کرا سکتے ہیں۔

اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن کی ممبرشپ کا حصول۔

- اوور سیز پاکستانی فاونڈیشن کی فیس کی ادائیگی کے بعد تارکین وطن او پی ایف کا بھی ممبر بن جاتا ہے۔

اوور سیز پاکستانیوں کے بچوں کو او پی ایف کے سکولوں میں فیسز میں رعایت۔

پاکستان میں ہوائی اڈوں پر او پی ایف کے کاونٹرز میں اوپی ایف کا عملہ قانونی رہنمائی اور معلومات فراہم کرتا ہے۔

ویزہ پروٹیکٹ کروانے کا طریقہ کار۔

اوورسیز ایمپلائمینٹ پرموٹرز کے ذریعے رجسٹریشن کا عمل۔

او ای پی کے ذریعے ملازمت کی صورت میں ایمیگرنٹ مندرجہ ذیل دستاویزات پروٹیکٹر آف ایمیگرنٹ کے دفتر میں جمع کروائے گا۔

- نوکری کا اجازت نمبر۔
- اصل پاسپورٹ۔
- قومی شناختی کارڈ۔
- انشورنس کی سند۔
- او پی ایف کے ادارے کی جمع کردہ رسید۔
- پروٹیکٹر دفتر کی رجسٹریشن فیس کی جمع شدہ رسید۔
- بنک سرٹیفکیٹ/سروس چارجز(او ای پی کو قابل واپسی)
- فارن سروس ایگریمنٹ/ نوکری کا معائدہ۔

ڈائریکٹ رجسٹریشن۔

- ویلڈ ویزہ۔
- اصل پاسپورٹ۔
- قومی شناختی کارڈ۔
- ملازمت کا معائدہ جس پر آجر کے دستخط کیے گئے ہو یا ڈاریکٹر جنرل،بیورو آف ایمیگریشن کے ذریعے منظور شدہ نوکری کا معائدہ۔
- او پی ایف کے ادارے کی جمع کردہ رسید۔
- پروٹیکٹر دفتر کی رجسٹریشن فیس کی جمع شدہ رسید۔

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

ڈائریکٹ رجسٹریشن۔

- سابقہ فوجی / سرکاری ملازمت کی صورت میں این او سی کی کاپی۔
- کریکٹر سرٹیفیکیٹ/کردار کی سند۔(مخصوص ممالک کے لیئے)
- میڈیکل فٹنس سرٹیفیکیٹ۔(مخصوص ممالک کے لیئے)

آن لائن رجسٹریشن کی درخواست۔

رش سے بچنے کے لیئے آنلائن اپنائنمنٹ بھی لی جا سکتی ہے۔آن لائن رجسٹریشن کے لیئے لنک۔ https://beoe.gov.pk/direct-emigrant-registration

دستاویزات کی تصدیق کے بعد، ایمیگرنٹ کو بریفنگ کے لئے بریفنگ حال میں متعلقہ ملک کے حوالے سے معلومات فراہم کی جاتی ہے، وہی پر ریکارڈ/رجسٹریشن کا عمل جاری رہتا ہے اسی دوران رجسٹریشن نمبر الاٹ ہوتا ہے۔ پاسپورٹ پر پروٹیکٹر سٹیمپ ہونے کے بعد مکمل کیس بریفنگ آفیسر کو بھیج دیا جاتا ہے۔

بریفنگ آفیسر درخواست کی تصدیق کے بعد، رجسٹریشن اور فنگرپرنٹس کے لئے ایمیگرنٹ کو متعلقہ کاؤنٹر پر بھیج دیا جاتا ہے۔

بریفنگ آفسر ایمیگرنٹ کو صحت، قانونی حقوق سے متعلق تمام ضروری معلومات سے آگاہ کرتا ہے اور اُس کو پاسپورٹ اور دستویزات حاصل کرنے کے لئے رہنمائی کرتا ہے۔

ڈائریکٹ اپلائیمنٹ کی صورت میں پروٹیکٹر کی فیس۔

ویلفرفنڈ	2000
انشورنس فیس	2500
رجسٹریشن فیس	2500
او ای سی فیس	200
ٹوٹل	7200

اوورسیز ایمپلائمینٹ پرموٹرز کے ذریعے رجسٹریشن کی فیس۔

او ای پی سروس چارجز	6000
ویلفیئر فنڈ	2000
انشورنس فیس	2500
رجسٹریشن فیس	2500
او ای سی فیس	200
ٹوٹل	11,200

مزید معلومات بی-ای-او-ای کی ویب سائٹ www.beoe.gov.pk یا مائیگرنٹ ریسورس سنٹر کی ویب سائٹ www.mrc.org.pk سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

معلومات کی مفت اور فوری فراہمی کے لئے، ایم آر سی کاؤنسلر سے ہاٹ لائن 0304-1112123 یا ای میل info@mrc.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

واٹس ایپ : (+92) 306 0191919, 300 00116671

ویب سائٹ : www.mrc.org.pk

ٹویٹر : www.twitter.com/mrc_pak

فیس بک : https://www.facebook.com/PAKMRC/

ای میل : info@mrc.org.pk

مائیگرنٹ ریسورس سینٹر اسلام آباد

میزانائن فلور، شہید ملت سیکرٹریٹ، بلیو ایریا، اسلام آباد۔

فون : +92 051 9219617

اسکائپ : mrcislamabad

مائیگرنٹ ریسورس سینٹر لاہور

انڈسٹری ریلیشن انسٹی ٹیوٹ، ملحقہ ریسکیو 1122، چاندنی چوک، ٹاؤن شپ، لاہور

فون : +92 4299262132

اسکائپ : mrc.lahore

یہ معلوماتی مواد مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان نے مرتب کیا ہے۔
یورپی کمیشن اس میں موجود معلومات کے استعمال کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

Funded by the European Union's Asylum, Migration and Integration Fund

Implemented by ICMPD International Centre for Migration Policy Development

Co-Funded and implemented by Austria and Bulgaria

Federal Ministry Republic of Austria Interior